بسم اللہ الرحمن الرحیم

لڑکی کا نام "عجوہ" رکھنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

لڑکی کا عجوہ نام رکھنا کیسا؟

جواب

عجوہ، مدینہ شریف بلکہ دنیا کی سب سے اعلیٰ کھجور کی ایک قسم کا نام ہے، اس نسبت سے لڑکی کا عجوہ نام رکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

لسان العرب میں ہے: ”والعجوة: ضرب من التمر يقال هو مما غرسه النبي صلى الله عليه وسلم بيده، ويقال: هو نوع من تمر المدينة أكبر من الصيحاني يضرب إلى السواد من غرس النبي صلى الله عليه وسلم. قال الجوهري: العجوة ضرب من أجود التمر بالمدينة ونخلتها تسمى لينة“ ترجمہ: عجوہ: کھجور کی ایک قسم ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ ان درختوں میں سے ہے، جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے لگائے تھے، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ مدینہ کی کھجور کی ایک قسم ہے جو "صیحانی" سے بڑی ہوتی ہے، اور اس کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے، اور یہ بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لگائے ہوئے درختوں میں سے ہے۔ جوہری نے کہا: عجوہ مدینہ کی بہترین کھجوروں کی ایک قسم ہے، اور اس کے درخت کو "لینۃ" کہا جاتا ہے۔ (لسان العرب، جلد15، صفحہ31، دار صادر، بیروت)

"امیر اہلسنت سے نام رکھنے کے بارے میں سوال وجواب" نامی کتاب میں ہے: ”عجوہ مدینے پاک بلکہ دینا کی سب سے اعلیٰ کھجور ہے، اس نسبت سے نام رکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔“ (امیر اہلسنت سے نام رکھنے کے بارے میں سوال وجواب، صفحہ10، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد ابو بکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4902

تاریخ اجراء: 28شوال المکرم1447ھ/17اپریل2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net